| UG-C-171 | BUR-11 |
|---|---|

**B.A. DEGREE EXAMINATION**

**DECEMBER-2020**

**Urdu**

**First Year**

**PROSE**

PROSE

Time : 3 hours Maximum marks : 75

نوٹ : صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ ذیل کے اقتباسات میں سے صرف تین کی بحوالۂ

متن تشریح کیجئے :

(الف) مذہب اسلام ایسا مستحکم اور سچا مذہب

ہے کہ جس قدر دینی اور دنیاوی

علوم کی ترقی ہوتی جائے گی اسی قدر اس کی سچائی زیادہ ثابت ہوگی۔

(ب) آدمی مثل ایک "کل" کے نہیں ہے کہ جو اس کے واسطے مقرر کردیا ہے اسی کو انجام دیا کرے بلکہ وہ ایک ایسا درخت ہے جو اُن اندرونی قوتوں سے جو خدا نے اس میں رکھی ہیں اور جن کے سبب وہ زندہ مخلوق کہلاتا ہے ہر چہار طرف پھیلے اور بڑھے، پھولے اور پھلے۔"

(ج) کتابیں پڑھتے ہیں اور ان سے تربیت حاصل کرتے ہیں اور ایسے بیل کی مانند ہوجاتے ہیں جو برابر چرتا ہے اور پھر بھی چراگاہ ہی میں رہنے کی خواہش کرتا ہے۔

(د) اسی لئے ہم دیکھتے ہیں کہ محنت مزدوری کرنے والے لوگ اور وہ جوکہ روزانہ محنت سے اپنی بسر اوقات کا سامان مہیا کرتے ہیں بہت کم کاہل ہوتے ہیں۔ محنت کرنا سخت سخت کاموں میں ہر روز لگے رہنا گویا ان کی طبعیت ثانی ہوجاتی ہے۔

(ھ) دشمن دوست سے زیادہ ناصح ہے اس لئے کہ وہ (دوست) سوائے نیکی کے اور کچھ نہیں کہتا اور وہ (دشمن) سوائے برائی کے اور کچھ نہیں کہتا۔

(و) ایشیا کے شاعروں میں ایک بڑا نقص یہی ہے کہ وہ اس بات کا خیال نہیں رکھتے بلکہ جس کی تعریف کرتے ہیں اس کے اوصاف ایسے جھوٹے اور ناممکن بیان کرتے ہیں جن کے سبب سے وہ تعریف تعریف نہیں رہتی بلکہ فرضی خیالات ہوجاتے ہیں۔

۲۔ سرسید کے سوانحی حالات بیان کیجئے۔ اور ان کی شخصیت وسیرت کے اہم پہلوؤں کی نشاندہی کیجئے۔

۳۔ مضامینِ سرسید کی روشنی میں اُن اسلوبِ نگارش کی امتیازی خصوصیات اجاگر کیجئے۔

۴۔ قوم کو پستی سے نکالنے اور جدید تعلیم کی طرف متوجہ کرنے کے لئے سرسید کو کن کن صعوبتوں کو جھیلنا پڑا؟ مفصل لکھئے۔

۵۔ سرسید کے چند اہم کارناموں کا ذکر کیجئے۔

۶۔ مضمون ''گزرا ہوا زمانہ'' اپنی قوم کے لئے کونسا پیغام دیتا ہے سرسید کے خیالات کی نشاندہی کیجئے۔

۷۔ ''امید کی خوشی'' مضمون کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

۸۔ سرسید ''ریاکاری'' مضمون کی وساطت سے قوم کے اندر کیسی بیداری پیدا کرنا چاہتے ہیں کیا ریاکاری کی مذمت سے اپنی قوم اس کا تدارک کرسکتی ہے؟ واضح کیجئے۔

---

| UG-C-172 | BUR-12 |
|---|---|

U.G. DEGREE EXAMINATION –
DECEMBER 2020

First Year

Urdu

GHAZALIYATH & RUBAIYATH

Time : 3 hours                                                    Maximum marks : 75

ا۔ ذیل کے اشعار میں سے کسی چار کی بحوالۂ متن تشریح کیجئے :          (4 × 5 = 20)

(الف)

ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی

چاہتے ہیں سو آپ کریں ہم کو عبث بدنام کیا

(ب)

بک جاتے ہیں ہم آپ متاعِ سخن کے ساتھ
لیکن عیارِ طبعِ خریدار دیکھ کر

(ج)

قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں

(د)

آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت
اسباب لٹا راہ میں یاں ہر سفری کا

(ھ)

جب کوئی حسیں ہوتا ہے سرگرم نوازش
مرنے کی ادا یاد نہ جینے کی ادا یاد

(و)

میں جو بولا کہا کہ یہ آواز
اسی خانہ خراب کی سی ہے

(ز)

بوئے گُل نالۂ دل دودِ چراغِ محفل
جو تری بزم سے نکلا سو پریشان نکلا

(ح)

ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا
آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا

۲۔ ذیل کی رباعیات میں سے کسی دو کی بحوالۂ شاعر تشریح کیجیے : (2 × 5 = 10)

(الف)

اس سینے میں کائنات رکھ لی میں نے
کیا ذکرِ صفاتِ ذات رکھ لی میں نے
ظالم سہی، جاہل سہی، ناداں سہی
سب کچھ سہی تری بات رکھ لی میں نے

(ب)

انسان ازل سے ہے جہول اور ظلوم
لے دے کے ہے بس ایک شعورِ موہوم
طفلِ ناداں ہے آئینے کے آگے
کس کا یہ عکس ہے اسے کیا معلوم

(ج)

کیا تم سے کہیں جہاں کو کیسا پایا
غفلت ہی میں آدمی کو ڈوبا پایا
آنکھیں تو بے شمار دیکھیں لیکن
کم تھیں جسے خدا جس کو بینا پایا

(و)

گلشن میں پھروں کہ سیر صحرا دیکھوں
یا معدن کوہ و دشت و دریا دیکھوں
ہر جا تیری قدرت کے ہیں لاکھوں جلوے
حیراں ہوں کہ دو آنکھوں سے کیا کیا دیکھوں

۲۔ صرف دو سوالوں کے جواب مطلوب ہیں :
(2 × 15 = 30)

(الف) میر کو خدائے سخن کیوں کہا جاتا ہے۔ ان کی غزلوں کے حوالے سے اسکے اسباب پر روشنی ڈالئے۔

(ب) غالبؔ کے سوانحی حالات بیان کرتے ہوئے ان کی شخصیت کے اہم پہلوؤں کو اجاگر کیجیے۔

(ج) "غالبؔ نے اردو شاعری کو ذہن دیا" اس قول کی وضاحت کرتے ہوئے غالبؔ کی شاعری کی انفرادی خصوصیات بیان کیجیے۔

(د) کسی ایک نمائندہ رباعی گو شاعر کے فن کا جائزہ لیتے ہوئے اردو کی اصنافِ سخن میں رباعی کی اہمیت واضح کیجیے۔

۴۔ کسی ایک سوال کا جواب لکھئے : (1 × 15 = 15)

(الف) غزل کی ابتدا اور ارتقاء پر ایک تفصیلی مضمون لکھئے۔

(ب) غزل کو اردو شاعری کی آبرو کیوں گردانا جاتا ہے اسکے وجوہات رقم کرتے ہوئے غزل کی اہمیت پر ایک مضمون لکھئے۔

---

| UG-C-173 | BUR-13 |
|---|---|

**B.A. DEGREE EXAMINATION**

**DECEMBER 2020**

First Year

Urdu

HISTORY OF TAMIL LITERATURE

Time : 3 hours Maximum marks : 75

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ زبانِ ٹمل کے رسم الخط اور اس کی قدامت کی تاریخ پر ایک مفصّل مضمون لکھیے۔

۲۔ ٹمل ادب کے چند اصلاحی تصانیف کا تجزیہ کیجیے۔

۳۔ ٹمل سنگم ادب کی انفرادی خصوصیات اور اہمیت کلاسیکی ادب میں متعیّن کیجئے۔

۴۔ ٹمل ادب میں ترو کرل کی اہمیت وافادیت کا ثبوت دیتے ہوئے اسکے مصنف کی حیات پر روشنی ڈالئے۔

۵۔ ٹمل قصائد میں کمبر رامائین کا مقام متعین کیجئے۔

۶۔ ٹمل اسلامی ادب میں سیراپرانم کا مقام متعین کرتے ہوئے اس کے مرکزی خیال پر مفصل روشنی ڈالئے۔

۷۔ ٹمل ادب میں مسلمان شعراء کی خدمات کو سراہتے ہوئے ٹمل اسلامی ادب کے فروغ کے بارے میں مضمون لکھیے۔

۸۔ بھگتی ادب کی خوبیوں کا تذکرہ مفصل طور پر کیجیے۔

۹۔ ٹمل ادب میں ناول نگاری کی ابتدا اور اس کے ارتقاء سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

۱۰۔ ذیل کے کسی دو پر تفصیلی مضمون تحریر کیجیے:

(الف) کوی کو عبد الرحمٰن

(ب) بھارتی داسن

(ج) عمرو پلور

(د) سلپدی گارم

---

| UG-C-174 | BUR-21 |
|---|---|

**B.A. DEGREE EXAMINATION - DECEMBER - 2020**

**URDU**

**SECOND YEAR**

**GRAMMAR**

Time:3 Hours　　　　Maximum marks: 75

I　صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے مساوی نشانات ہیں۔ 5 x 15 =75.

آخری سوال کا جواب لازمی ہے۔

۱۔　اسم کی تعریف کیجئے۔ بناوٹ کے اعتبار سے ان کے کل اقسام کا مثالوں کے ساتھ سمجھائیے۔

۲۔　ضمیر کی تعریف کرتے ہوئے اس کے مختلف اقسام وضاحت سے مع امثلہ سمجھائیے۔

۳۔　صفت کا مفہوم سمجھاتے ہوئے یہ واضح کیجئے کہ معنی کے اعتبار سے اس کے جملہ اقسام کتنے ہیں تمام کی مثالیں پیش کیجئے۔

۴۔　فعل حال اور فعلِ ماضی کی تعریف کیجئے۔ اور مثالیں بھی پیش کیجئے۔

۵۔　بے جان اشیاء کی تذکیر و تانیث کے قواعد مع امثلہ تحریر کیجئے۔

۶۔　علامت فاعل 'نے' کا استعمال کس طرح کیا جاتا ہے۔ اس کے قواعد مع مثالوں کے واضح کیجئے۔

۷۔　معنوی لحاظ سے جملوں کی کل قسمیں گنوائیے۔ ہر ایک کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجئے۔

۸۔　ذیل میں سے کسی تین پر وضاحتی نوٹ رقم کیجئے۔

(الف)　فعل حال مع امثلہ

(ب)　اسم آلہ

(ج)　فعل ماضی مع امثلہ

(د)　حروف قمری

(ہ)　مشابہ فعل

(و)　نونِ غنہ

UG-C-175 BUR-22

U.G. DEGREE EXAMINATION –
DECEMBER 2020

Second Year

Urdu

HISTORY OF DAKNI URDU LITERATURE

Time : 3 hours Maximum marks : 75

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ دکن میں اردو زبان کی ابتداء اور ارتقاء پر مفصل مضمون لکھیے۔

۲۔ دکن میں خود مختار بہمنی سلطنت کا آغاز کس سن میں ہوا؟ اس بہمنی دور کی ادبی خدمات کا مفصّل جائزہ لیجیے۔

۳۔ قطب شاہی دور کے کسی دو شعرائے کرام کی حالاتِ زندگی و ان کی شاعری پر واضح مضمون لکھیے۔

۴۔ وجہی کی ادبی خدمات کا جائزہ مفصّل طور پر لیجیے۔ اوران کی حیات پر بھی روشنی ڈالئے۔

۵۔ نصرتیؔ بحیثیت شاعر تبصرہ کیجیے اور ان کی لکھی مثنوی ''گلشنِ عشق'' پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

۶۔ مثنوی ''پھول بن'' کی مشہور مرقع کشی اور جذبات نگاری پر اپنے خیالات کا احاطہ کیجیے۔

۷۔ دکن میں ''اردو مرثیہ نگاری'' کے آغاز و ارتقاء پر مفصّل رقم کیجیے۔

۸۔ سراجؔ اورنگ آبادی کے کلام کی انفرادیت واضح کیجیے۔

۹۔ اردو کی تشکیل و ترقی میں دکن کے صوفیائے کی خدمات کیا تھیں تفصیلاً تحریر کیجیے۔

۱۰۔ صرف دو موضوعات پر تفصیلی نوٹ رقم کیجیے :

(الف) عادل شاہی دور کی ادبی خدمات

(ب) سب رس

(ج) علی نامہ

(د) کلمۃ الحقائق

UG-C-176 BUR-23

## B.A. DEGREE EXAMINATION

## DECEMBER-2020

Second Year

Urdu

## HISTORY OF ARABIC LITERATURE

Time : 3 hours Maximum marks : 75

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

۲۔ عربی زبان کی ابتداء اور ارتقاء سے متعلق ایک مفصل مضمون رقم کیجیے۔

۳۔ زمانۂ جاہلیت کی شاعری کا تعارف کراتے ہوئے یہ ثابت کیجیے کہ کس طرح اس زمانے کی شاعری کا سرمایہ بہت مؤثر، وقیع اور دلکش ہے؟

۴۔ عنترہ بن شداد کی قصیدنگاری پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

۵۔ دورِ جاہلیت کا شعری ادب امراؤ القیس کی ادبی خدمات کے بغیر ادھورا سا لگتا ہے۔ اس کی مقبولیت کی وجوہات کیا تھیں؟

۶۔ صدرِ اسلام میں شعر و شاعری کی نوعیت اور طرزِ فکر کا جائزہ لیجیے۔

۷۔ اعشیٰ قیس کو نقادوں نے اصحاب المعلقات میں ایک مایۂ ناز شاعر قرار دیا ہے بحث کیجیے۔

۸۔ ''عربی ادب کی تاریخ میں الخنساء کو ایک مرثیہ گو شاعرہ کی حیثیت سے ایک ممتاز مقام حاصل ہے''۔ اس قول پر بحث کرتے ہوئے ان کی مرثیہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

۹۔ حسبِ ذیل عربی عبارتوں کا اردو میں ترجمہ کیجیے :

(الف) القوة بالاتحاد والضعف بالنفاق.

(ب) القرآن كتاب مقدس.

(ج) القران كلام اللّٰه والحديث كلام النبیؐ.

(د) تطلع الشمس مِن المشرق وتغرب في المغرب.

**UG-C-177 BUR-31**

U.G. DEGREE EXAMINATION

DECEMBER 2020

Third Year

Urdu

MANZOOMATH

TIME : 3 Hours Maximum Marks : 75

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ موضوع اور ہیئت کے اعتبار سے نظم کی قسمیں بیان کیجیے۔

۲۔ اردو نظم کے ارتقاء کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

۳۔ نظم ''بنجارہ نامہ'' میں نظیرؔ نے دنیا کی بے ثباتی اور زندگی کی ناپائداری کا کس طرح نقشہ کھینچا ہے؟

۴۔ ''کلجگ'' میں اعمال کے جزا اور سزا کی تشریح نہایت کامیاب طریقہ سے نظیرؔ نے کی ہے اس پر تبصرہ کیجیے۔

۵۔ علامہ اقبالؔ کے حالاتِ زندگی کے اہم گوشوں پر روشنی ڈالیے۔

۶۔ نظم ''ہمالہ'' حب الوطنی کے نقطۂ نظر سے لکھی گئی ہے۔ اقبالؔ کے فن سے ان کی حب الوطنی پر تبصرہ کیجیے۔

۷۔ نظم ''مجھ سے پہلی سی محبت میری محبوب نہ مانگ'' کا
تجزیہ کیجیے اور اس نظم کا مرکزی خیال کیا ہے؟
تبصرہ کیجیے۔

۸۔ ذیل کے اشعار میں سے کسی پانچ کی تشریح بحوالہٴ
شاعر کیجیے :

(الف)

آفاق کے ہر گوشہ سے اٹھتی ہیں شعاعیں
بچھڑے ہوئے خورشید سے ہوتی ہیں ہم آغوش

(ب)

جب مفلسی ہوئی تو شرافت کہاں رہی

وہ قدر ذات کی وہ نجابت کہاں رہی

(ج)

دنیا عجب بازار ہے کچھ جنس یاں کی سات لے

نیکی کا بدلا نیک ہے بد سے بدی کی بات لے

(د)

ڈھل چکی رات، بکھرنے لگا تاروں کا غبار

لڑکھڑانے لگے ایوانوں میں خوابیدہ چراغ

(ھ)

یوں نہ تھا، میں نے فقط چاہا تھا یوں ہو جائے
اور بھی دکھ ہیں زمانے میں محبت کے سوا

(و)

مغرور نہ ہو تلواروں پہ، مت پھول بھروسے ڈھالوں کے
سب پتا توڑ کے بھاگیں گے مُنہ دیکھ اجل کے بھالوں کے

(ز)

ایک جلوہ تھا کلیم طور سینا کے لئے
تو تجلّی ہے سراپا چشم بینا کے لئے

(ح)

اقوام میں مخلوقِ خدا بٹتی ہے اس سے
قومیتِ اسلام کی جڑ کٹتی ہے اس سے

**UG-C-178 BUR-32**

U.G. DEGREE EXAMINATION

DECEMBER 2020

Third Year

Urdu

NOVEL

TIME : 3 Hours Maximum Marks : 75

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ ناول کی تعریف کیجئے۔ یہ فن کی دین کس زبان کی ہے؟ اس کے آغاز اور ارتقاء پر تفصیلی طور پر ایک مضمون رقم کیجئے۔

۲۔ ناول کے اہم فنی عناصر کا مفصل تجزیہ کیجیے۔

۳۔ عصمت چغتائی کا مقام ومرتبہ اردو ناول نگاری میں متعین کیجیے۔

۴۔ ناول ''ضدی'' کے دوسرے اہم کردار آشا کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

۵۔ پورن کے دل میں آشا کی محبت کس طرح پروان چڑھتی رہی اور آخر اس کا انجام کیا ہوا؟

۶۔ عشق میں ناکامی کے بعد پورن نے اپنی ذات، سماج اور خاندان سے کس طرح انتقام لیا؟ مفصّل لکھیے۔

۷۔ ناول ''ضدی'' کی کہانی کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

۸۔ ذیل کے کسی تین اقتباسات کی بحوالۂ متن تشریح کیجیے :

(الف) پہلے تو یہ چھوکریاں انجن گاڑی کے آگے لیٹ جاتی ہیں اور پھر جب مچل جاتی ہیں تو ہائے توبہ مچاتی ہیں۔ بدنامی، بے عزتی اور دنیا لٹنے کی دھمکیاں لے بیٹھتی ہیں اور اپنا عیب غریب سماج کے سر تھوپتی ہیں۔ خدا کی شان ہے، پھر بھی دنیا ان کے ہی ساتھ ماتم میں شریک ہو جاتی ہے۔

(ب) وہ پریم کرتی ہے یہی نا۔ کرنے دو اسے۔تم نے کبھی پریم نہیں کیا۔تم نے کبھی ایسے پریم نہیں کیا کہ تم اس میں بھسم ہو گئے ہو۔ کیا میں روکوں؟ نہیں بھیا اسے پریم نہیں دے سکتا تو پھر پریم کی بھیک کسی دوسرے سے مانگتی ہے تو کیسے روکوں؟

(ج) گھبرایا تو دراز میں سے پھول نکال کر دیکھنے لگا۔ یہ وہی پھول تھے لال لال صبا کے گالوں جیسے لال لال پھول جو

دھرتی نے اُگلے تھے اور وہی دھرتی
آشا کی خاک کو نگل چکی تھی۔ اب یہ
پھول سیاہ ہو چلے تھے جیسے جما ہوا
مُردہ خون۔

(د) مگر عورت؟ وہ کتنی مختلف ہوتی ہے۔
اس کا دل ہر وقت سہما رہتا ہے۔
ہنستی ہے تو ڈر کے، مسکراتی ہے تو
جھجک کر، قدم قدم پر اُسے اپنے راز
کے ہی کھلنے کا ڈر لگا رہتا ہے کیا ہوگا؟
کیسے ہوگا؟ یہ ہوا تو.....؟ اور پھر
کم بخت ناقص العقل ہے۔

(ه) یہ عورت ذات بھی کس قدر
ڈھکوسلہ باز ہے اور خصوصاً وہ عورتیں
جو خود کو نیک اور پاکباز کہے جانے کا
آبائی حق رکھتی ہیں مگر ذرا میاں بیمار
یا بوڑھا ہوا اور اس کے ساتھ وہی
سلوک شروع ہو جاتا ہے جو دودھ
سوکھ جانے کے بعد قصائی گائے کے
ساتھ روا رکھتا ہے اور ذرا سا بہانہ پر
رنڈی کا پیشہ اختیار کر کے دنیا سے
ہمدردی وصول کرنے لگتی ہے۔

---

**UG-C-179 BUR-33**

U.G. DEGREE EXAMINATION

DECEMBER 2020

Third Year

Urdu

LITERARY CRITICISM

TIME : 3 Hours Maximum Marks : 75

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہرسوال کے نشانات مساوی ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ کسی بھی ادب کے عروج و ترقی کے لئے تنقید ناگزیر ہے۔ اسکے وجوہات بطور ثبوت پیش کیجئے۔

تنقید کی اہمیت اور افادیت کی وضاحت کیجئے۔

۲۔ اردو ادب میں تنقید کی تاریخ پر ایک مفصل مضمون رقم کیجیے۔

۳۔ تنقید کی تمام قسموں کا مفصل جائزہ کیجیے۔

۴۔ نقاد کے فرائض سے متعلق آپ کی معلومات رقم کیجیے۔

۵۔ حالؔی نے ایک باضابطہ نقاد کا رول ادا کیا تھا؟ ان کی شخصیت کے چند امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

۶۔ حالؔی کے مقدمہ شعر و شاعری پر ایک واضح نوٹ لکھیے۔

۷۔ کلیم الدین احمد کے تنقیدی نظریات پر روشنی ڈالیے۔

۸۔ ذیل کے کسی تین پر وضاحتی نوٹ تحریر کیجیے :

(الف) ادبی تنقید

(ب) اسلوبیاتی تنقید

(ج) ترقی پسند تنقید

(د) تحقیق و تنقید کا باہمی رشتہ

(ھ) مراسلاتی تنقید

---

**UG-C-180 BUR-34**

U.G. DEGREE EXAMINATION

DECEMBER 2020

Third Year

Urdu

LITERARY CRITICISM

TIME : 3 Hours Maximum Marks : 75

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ علمِ معانی کا مفہوم سمجھائیے۔ یہ بھی سمجھائیے کہ کلام میں فصاحت و بلاغت کی آمیزش کے لئے کن امور کو ملحوظ رکھا جانا ناگزیر ہے؟

۲۔ علمِ بیان کی کُل کتنی صورتیں ہیں؟ ہر ایک کی
تعریف مثالوں کے ساتھ کیجئے۔

۳۔ کنایہ کی کُل کتنی قسمیں ہیں؟ تمام قسموں کا مفہوم
مع امثلہ بیان کیجئے۔

۴۔ تقطیع سے کیا مُراد ہے؟ اسکے اصول وضوابط و
شرائط سے آگاہ کیجئے۔

۵۔ شاعری میں مستعمل مفرد بحروں کے نام گنوایئے۔
اور واضح کیجئے کہ یہ بحریں کن ارکان سے اخذ کی
جاتی ہیں اور بنائی جاتی ہیں؟

۶۔ حروفِ ملفوظی غیر مکتوبی کی تعریف کیجئے۔اور مثالیں

بھی دیجئے۔

۷۔ لفظ کے لحاظ نثر کی کتنی قسمیں ہیں؟ ہر ایک

قسم کی تعریف اور اسکا مفہوم مثالوں کے ساتھ

سمجھائیے۔

۸۔ ذیل میں کسی پانچ اصطلاحات پر وضاحتی نوٹ

رقم کیجئے :

(الف) واؤ معدولہ

(ب) صنعتِ مبالغہ

(ج) صنعتِ تلمیح

(د) مخمس

(ھ) صنعت ایہام

---

| UG-C-181 | BUR-35 |
|---|---|

U.G. DEGREE EXAMINATION

DECEMBER 2020

Third Year

Urdu

URDU JOURNALISM

Time: 3 Hours | Maximum Marks: 75

صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔

ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ علمِ معانی کا مفہوم سمجھائیے۔ یہ بھی سمجھائیے کہ کلام میں فصاحت و بلاغت کی آمیزش کے لئے کن امور کو ملحوظ رکھا جانا ناگزیر ہے؟

۲۔ علمِ بیان کی کُل کتنی صورتیں ہیں؟ ہر ایک کی
تعریف مثالوں کے ساتھ کیجئے۔

۳۔ کنایہ کی کُل کتنی قسمیں ہیں؟ تمام قسموں کا مفہوم
مع امثلہ بیان کیجئے۔

۴۔ تقطیع سے کیا مُراد ہے؟ اسکے اصول و ضوابط و
شرائط سے آگاہ کیجئے۔

۵۔ شاعری میں مستعمل مفرد بحروں کے نام گنوائیے۔
اور واضح کیجئے کہ یہ بحریں کن ارکان سے اخذ کی
جاتی ہیں اور بنائی جاتی ہیں؟

۶۔ حروفِ ملفوظی غیر مکتوبی کی تعریف کیجئے۔ اور مثالیں بھی دیجئے۔

۷۔ لفظ کے لحاظ نثر کی کتنی قسمیں ہیں؟ ہر ایک قسم کی تعریف اور اسکا مفہوم مثالوں کے ساتھ سمجھائیے۔

۸۔ ذیل میں کسی پانچ اصطلاحات پر وضاحتی نوٹ رقم کیجئے :

(الف) واؤ معدولہ

(ب) صنعتِ مبالغہ

(ج) صنعتِ تلمیح

(د) مخمس

(ھ) صنعت ایہام

---